کتب خانہ سرکاری


# Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۸ شوال المکرم ۱۳۵۹ھ مطابق ۹ نومبر ۱۹۴۰ء


حصہ اول

## احکام اجلاس ہمایون اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | انتظام بسلسلہ روانگی عالیمرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ ملٹری سکریٹری بہادر ہمراہ فوج | ۲ |
| (۲) | صراحت اختیارات عالیمرتبت کرنل اے۔جی۔ایونز صاحب ملٹری سکریٹری بہادر بصیغہ فوج | ۳۹۲ |

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

# احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

**روبکار:-** واقع ۳ر نومبر ۱۹۳۰ء

(دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم)

عالی مرتبت کرنل سی۔ جی۔ اسمال صاحب بہادر چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے ساتھ ۵ر نومبر کو جا رہے ہیں۔ لہٰذا بسلسلہ روبکار مصدرہ ۱۰ر جون سنہ ۱۹۳۰ء حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں:-

(۱) عالی مرتبت صاحب انسپکٹر جنرل بہادر پولیس ۹ر نومبر سے علاوہ فرائض متعلقہ عہدہ ملٹری سکریٹری کی خدمات انجام دیں گے۔ اُن کو تا واپسی عالی مرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر آنریری ٹمپریری رینک کرنل عطا کیا جاتا ہے۔

(۲) لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر ۹ر نومبر سے چیف کمانڈنٹ کی خدمات انجام دیں گے۔ اور تا واپسی عالی مرتبت صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر لفٹننٹ کرنل رینک کے افسران میں سینیئر رہیں گے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدارت احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

**حکم:-** واقع ۹ر نومبر ۱۹۳۰ء

عالی مرتبت کرنل اے۔ جے۔ ایوز صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کو صیغہ فوج میں وہی اختیارات حاصل ہوں گے جو عالی مرتبت کرنل سی۔ جی۔ اسمال صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر کو حاصل تھے۔ لفٹننٹ کرنل عزیز حسن خاں بہادر ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ اپنے اختیارات عہدہ سکریٹری سے زائد کاغذات برائے کارروائی منظوری عالی مرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کے پاس بھیجیں گے۔ وہ اپنے اختیارات مذکورہ بالا کے ماتحت منظوری صادر کریں گے ایسے کاغذات جو ان کے بیرون اختیارات ہوں۔ اجلاس ہمایوں میں پیش کریں گے۔ سررشتہ صدارت احکام ضابطہ

جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

---

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض می رساند

جناب عالی

بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۱۰ر جون سنہ ۱۹۴۰ء ترقی خواہ کو "ملٹری سکریٹری" کی خدمات تفویض ہوتی ہیں اور لفٹنٹ کرنل عزیز حسن خان صاحب کو بعطائے اختیارات عہدہ سکریٹری ایکٹنگ چیف کمانڈنٹ مقرر فرمایا گیا ہے۔

عالی مرتبت کرنل سی۔ جی۔ اسمال صاحب چیف کمانڈنٹ و ملٹری سکریٹری بہادر کو عہدۂ "منسٹر" کے اختیارات بحکم ہمایوں مصدرہ ۲ر مئی سنہ ۱۹۳۹ء عطا فرمائے گئے تھے۔ اب یہ اختیارات ترقی خواہ کو صیغۂ فوج میں حاصل ہوں گے یا کاغذات بیرون اختیارات عہدہ سکریٹری اجلاس ہمایوں میں براہ راست پیش کئے جائیں۔ ترقیخواہ بصد ادب مستدعی ہے کہ حکم مناسب پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے

زیادہ حد ادب

دولت واقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالیمرتبت کرنل و ملٹری سکریٹری صاحب

معروضہ ۲ر نومبر سنہ ۱۹۴۰ء